امام صادقؑ آنلائن مدرسہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

درس:۹

عنوان: تاریخ اسلام میں مختلف مذاہب

فرقہ زیدیہ

ImamSadiq.tv

فرقہ زیدیہ:

زیدیہ، معروف شیعہ فرقہ ہے جن کا عقیدہ ہے کہ " حضرت علی علیہ السلام، امام حسن علیہ السلام اور امام حسین علیہ السلام اور " زید بن علی " کے بعد امامت کا عہدہ ہر اس فاطمی کے لئے ہے جو لوگوں کو اپنی طرف بلائے اور ظاہری طور پر عادل، عالم اور شجاع ہو اور لوگ اس کے ساتھ جہاد کے لئے تلوار اٹھانے کی شرط پر بیعت کریں"

اس فرقہ کے بنیادی عقاید جناب زید بن علی کے قیام سے قبل وجود میں آچکے تھے لیکن یہ فرقہ اس نام سے جناب زید کی شہادت کے بعد وجود میں آیا۔ جناب زید کا قیام سن ۱۲۲ ہجری میں ہشام بن عبد الملک کے زمانے وجود میں آیا۔

زیدیہ کے دو ذیلی فرقے ہیں:

۱: متقدمین: یہ وہ لوگ ہیں جو رافضہ سمجھے جاتے ہیں اور ابو بکر اور عمر کی امامت کے معترف ہیں۔

۲: متاخرین: یہ وہ لوگ ہیں جو اس امامت کو قبول نہیں کرتے۔

یمن میں رائج زیدی مذہب کے پیروکار متقدمین کے مذہب سے قریب تر ہیں۔ اس فرقے کے اہم ذیلی فرقے جارودیہ، بتریہ اور سلیمانیہ ہیں۔

زیدیہ فرقہ سے نکلنے والے فرقہ اور انکے عقائد:

۱: جارودیہ

۱) امام علی (علیہ السلام) کی امامت میں مشترک ہیں۔

۲) مہدویت کے قائل ہیں۔

۳) اس بات کے قائل ہیں کہ امامت منحصر ہے اولاد حضرت فاطمہ (سلام اللہ علیہا) میں۔

۴) علم لدنّی کے قائل ہیں۔

۲: بتریہ یا صالحیہ

۱) یہ لوگ امامت کو شورائی مانتے ہیں۔

۲) تقیہ کو نہیں مانتے ہیں۔

۳)اہل سنت کی فقہ کے پیروکار ہیں۔

۴)کلام میں یہ لوگ معتزلی مکتب فکر کے پیروکار ہیں۔

۳)سلیمانیہ یا جریریہ

۱)بداء کے نظریہ کو نہیں مانتے۔

۲)امام علی (علیہ السلام) کی افضیلت کے باوجود خلافت شیخین از باب خطائے اجتہادی کو بھی مانتے تھے۔

۳)امامت کے لئے مسلح قیام کے قائل تھے۔

۴)فقہ میں شافعی اور حنفی مسلک سے نزدیک ہیں

۵)اذان میں 'حی علی خیر العمل' کہنے کے قائل ہیں۔

۶)عقد موقت (نکاح متعہ) کے عدم جواز کے قائل ہیں۔

۷)جُراب کے اوپر سے مسح کرنے کے قائل ہیں۔

۸)اہل کتاب کے ذریعہ ذبح شدہ جانور کی حلیت کے قائل ہیں۔

۹)علم کلام میں مکتب معتزلہ کے نزدیک ہیں۔

۱۰)عقیدہ رجعت کے مخالف ہیں۔

۱۱)تقیہ کے مخالف ہیں۔

ImamSadiq.tv